ہندو مذہب کے اہم تیوہار

اور

رسوم وشادی کا مختصر طریقہ

مفتی محمد سرور فاروقی ندوی

(صدر جمعیت پیام امن لکھنؤ)

مکتبہ پیام امن

ندوہ روڈ، ڈالی گنج لکھنؤ، یوپی، الھند

جملہ حقوق محفوظ

نام	:	ہندو مذہب کے اہم تیوہار اور رسوم وشادی کا مختصر طریقہ
مصنف	:	مفتی محمّد سرور فاروقی ندوی
ناشر	:	مکتبہ پیامِ امن، ندوہ روڈ ڈالی گنج لکھنؤ
اردو ایڈیشن	:	پہلی بار
تعداد کتب	:	۱۰۰۰
سال	:	۲۰۱۸
قیمت	:	۴۰

Writer : Mufti Mohd Sarwar Farooqui Nadwi

Publisher : Maktaba Payam-e-Amn, Nadwa Road,Daliganj,lucknow.

Website: www.islamicjpamn.com

E-Mail: tasneemlko2012@gmail.com, ataullah2012@gmail.com

Phone No. 9984490150, 9919042879

ملنے کے پتے

۱۔ مجلس تحقیقات ونشریات، ندوۃ العلماء، پوسٹ بکس نمبر ۱۱۹ (لکھنؤ)

۲۔ نیوسلور بک ایجنسی، 14، محمد علی روڈ، بھنڈی بازار، ممبئی

۳۔ الفرقان بکڈپو، نظیرآباد ا ۳ (لکھنؤ)

۴۔ سبھانیہ بک ڈپو، نیا محلہ، جبلپور، مدھیہ پرادیش، 9424708020

۵۔ ستیہ فاؤنڈیشن 5 182-A گرین لینڈ کیمپس، پوکھرپور، کانپور

فہرست

مقدمہ ۶
وَرت، تیوہارؔ اور رسوم ۷
ہندو مہینے ۷
پانچ مہاورت ۸
سانوُتسر ۸
رام نومی ۹
اس ورت کا طریقہ ۹
کِرشن جنم اشٹمی ۱۰
بسنت پنچمی ۱۱
مَہاشِیوُ راتِرِی ۱۲
دشاوَتار (दशावतार) ۱۳
ڈاکٹر راج بلی پانڈے کے مطابق پانچ مہاورت ۱۴
مخصوص تیوہار اور پرب ۱۵
وِجیادشمی (विजयादशमी) ۱۵
دیوالی ۱۶
دیوالی سے متعلق مختلف کہانیاں ۱۷
(۱) کرواچوتھ ۱۸
(۲) اہوائی اشٹمی ۱۸
(۳) چھاردواستی ۱۹
(۴) دھن تیرس ۱۹
(۵) نرک چودس یا روپ چودس ۱۹
(۶) دیوالی ۱۹

(۷) گوبردھن ۱۹
(۸) جم دوج ۱۹
ہولی ۲۱
رکشابندھن ۲۵
جنیو پہننے کا دن ۲۶
نوراتر یا دُرگا پوجا ۲۶
درگا پوجا اور دسہرا ۲۷
دس اہم گناہ ۲۷
بیساکھی ۲۸
مکرسنکرانتی ۲۸
ستیہ نارائن ورت کتھا ۲۹
گنیش پوجا ۲۹
سمپورن ورت ۳۰
سنسکار یا رسوم ۳۱
ہندو معاشرے میں شادی کا طریقہ (विवाह संस्कार) ۳۶
شادی विवाह کی قسمیں ۳۶
وِواہ سنسکار کا وقت ۳۸
وِواہ (شادی) کا مقصد ۳۸
شادی سے پہلے کے خاص اعمال ۳۹
۱۔سگائی (वाग्दान) ۳۹
۲۔(तिलक) تحفہ کے ساتھ پوجا ۳۹
۳۔لڑکی کی گود بھرائی ۳۹
۴۔मनुहार एवं लग्न पत्रिका (پیلی چٹھی یا لگن) ۴۰

۵۔بھات نیوتنا(भात न्योतना).. ۴۰

۶۔بیاہ ہاتھ(ब्याह हाथ).. ۴۰

۷۔رت جگا(रतजगा और थापा लगाना).. ۴۱

۸۔ हरिद्रा-हस्त یا हलधात(ہرِ دراہست یا حل دھات).. ۴۱

۹۔बानیعنی تیل چڑھانا.. ۴۱

۱۰۔منڈپ پوجن(मंडप-पूजन)یا منڈھا(मंढा).. ۴۲

۱۱۔گھُڑ چڑھی(घुड़चढी)اور بارات.. ۴۳

۱۲۔استقبال بارات،کورتھ اوردوار پوجا(स्वागत बारात कोरथ एवं द्वार पूजा).......... ۴۳

۱۳۔تورڑ ڈُھلاؤیا بروٹھی(तोरण ढुलाव या बरोठी).. ۴۳

۱۴۔ورمالا(वरमाला).. ۴۴

اصل شادی کی رسمیں(मूल विवाह संस्कार).. ۴۴

۱۔ورپوجن(वर पूजन).. ۴۴

۲۔کنیادان(कन्यादान).. ۴۴

۳۔لاجاہوم(लाजा होम).. ۴۵

۴۔بھانورے(भांवर) پھیرے.. ۴۵

۵۔سپت پدیसप्तपदी.. ۴۶

ہرذات میں الگ الگ طرح سے شادی.. ۴۹

بیویوں کی تعداد.. ۵۰

وراثت میں (بیٹے) کوحصہ.. ۵۱

❁❁❁

بسم تعالیٰ

مقدمہ

الحمدللہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید المرسلین

اللہ تعالیٰ نے انبیاءؑ کو ہر قوم میں انہیں کی زبان میں بھیجا جس کی نفسیات کو سامنے رکھتے ہوئے دعوت دی ۔ اس حکمت کے پیش نظر اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ اس نے ہم کو ہندوستان جیسے عظیم ملک میں پیدا فرمایا جس میں ہندو بھائی اکثریت میں ہیں جن سے مسلمانوں کی تجارتیں، لین دین اٹھنا بیٹھنا ہے لیکن ہم نے انہیں اسلام کا مکمل تعارف پیش نہیں کیا جیسا کہ حق تھا۔

اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ہم اندھے، بہرے اور گونگے کی طرح زندگی گزارتے ہیں ایک عرصہ سے ایک ساتھ رہتے ہیں، دیوار سے دیوار اور دوکان سے دوکان ملی ہوتی ہے لیکن پڑوسی ایک دوسرے کے لئے انجان بنے رہتے ہیں اور پھر اجنبی بن کر ایک دوسرے کو بھنبھوڑتے ہیں ، ایک دوسرے کا خون پیتے ہیں ۔اس کی خاص وجہ یہ ہے کہ ہم نے ایک دوسرے کو اپنا تعارف نہیں کرایا نہ ہم ان سے واقف ہیں اور نہ وہ ہم سے واقف ہیں ۔اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم انہیں اسلامی تعلیمات سے واقف کرائیں اور ہم بھی ان کی نفسیات سے واقف ہوں ۔

یہ ایک مختصر سی کتاب ''ہندو مذہب کے اہم تیوہار اور رسوم کا مختصر جائزہ'' اسی دعوتی مقصد سے تیار کی گئی ہے جس میں ہندو مذہب کے تیوہاروں اور شادی بیاہ کی رسموں کا ذکر ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس کتاب کو دعوتی مقصد سے اہل وطن کی نفسیات کو سمجھنے کا ذریعہ بنائے اور اسلامی نظام حیات کی حقانیت کو واضح کرنے کی توفیق نصیب فرما کر ہدایت کو عام ہونے کا سبب بنائے ۔والسلام

محمد سرور فاروقی ندوی

دارالعلوم ندوۃ العلماء،لکھنؤ

۵/ ۲/ ۲۰۱۷ء

وَرَت، تیوہار اور رسوم

لغت میں وَرَت کے معنیٰ ہیں ’عہد کرنا‘ یا مذہبی کام پاکیزہ کام۔ ورت کا معنیٰ میں اہل علم کے درمیان اختلاف ہے۔ ڈاکٹر پی وی کانے کہتے ہیں کہ ’’رگ وید‘‘ میں جو ورت لفظ آیا ہے اس کا مفہوم وَرَن کرنے یعنی چننے کے ہیں۔ جو ’’ور‘‘ مادہ سے بنا ہے۔

(دھرم شاستر کا اتہاس جلد۔ ۴ صفحہ ۵ تا ۷)

بہر حال وَرَت وہ مذہبی اعمال ہیں جن کا حکم مذہبی کتب میں دیا گیا ہے۔ اسے عموماً خواہش کے مطابق کوئی چیز پانے یا حاصل کرنے کے لئے کیا جاتا ہے۔

وَرَت تیوہار اور پَرَب کے معنیٰ ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں، پھر بھی ان میں تھوڑا سا فرق ہے۔ کہتے ہیں کہ وَرَت جب عوامی شکل میں آجاتا ہے تو تیوہار کہلاتا ہے اور پھر وہ پرب بن جاتا ہے۔ وَرَت میں کم، تیوہار میں اس سے کچھ زیادہ اور پَرَب میں اور زیادہ لوگ شریک ہوتے ہیں۔ اسی وجہ سے تیوہار اور پَرَب، وَرَت کے بڑے بھائی کہے جاتے ہیں۔

ہندو مہینے

ہندوؤں کے یہاں مہینوں کو خاص اہمیت حاصل ہے جن میں ہر ماہ کوئی نہ کوئی تیوہار یا رسم ہوتی رہتی ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

ان کے یہاں کا چیتر (چیت) ماہ کی پہلی تاریخ سے شروع ہوتا ہے۔ سال میں ۱۲ ماہ ہوتے ہیں، جن کے نام ہیں۔ (۱) چیت (۲) بیساکھ (۳) جیشٹھ (۴) آساڑھ (۵) شراون (ساون) (۶) بھادرپد (بھادو) (۷) آشیوں (۸) کارتک (کاتک) ،(۹) ماگھ شیرش (اگھن) (۱۰) پوش (۱۱) ماگھ اور (۱۲) پھالگن۔ ہر ماہ میں دو پکھواڑے شُکل اور کرِشن ہوتے ہیں۔ سال میں ۳۶۰ دن ہوتے ہیں اور روز کم از کم ۳۰ ورت،

تیوہار پرب اور دوسرے رسوم ہوتے ہیں۔ سال میں تقریباً تین ہزار کی تعداد میں ان کا اہتمام ہوتا ہے۔ یہاں پر کچھ خاص کو ہی پیش کیا جارہا ہے۔

پانچ مہاورت

(۱) سانوتسر (सांवत्सर) (۲) رام نومی (۳) کرشن جنم اشٹمی (۴) مہاشیوراتری (۵) دشاوتار۔

سَانُوتسُر

علم نجوم کے مطابق یہ پانچ قسموں کا ہوتا ہے یعنی اس کی اہمیت پانچ طرح سے ہے۔

(۱) سَوْر۔ یعنی پیدائش سے متعلق کام اور وَرَت

(۲) سائن یعنی یگ وغیرہ۔

(۳) بارہسپتیہ۔ یعنی گوداوری اور دوار کا وغیرہ کا سفر

(۴) چاندر۔ یعنی تمام کام (ہر عمل)

(۵) ناکچھتر۔ یعنی عمر وغیرہ کا فیصلہ

یہ سال کے پہلے دن ہوتا ہے جو شکل پچھ سے شروع ہوتا ہے۔ ’’پدم پُران‘‘ کے مطابق اسی دن برہما نے یہ زمین بنائی۔ اس وجہ سے اس دن برہما کی پوجا ہوتی ہے۔ وِشنو پُران میں کہا گیا ہے کہ یہ پنچ مورت ورت ہے۔ اس دن سے لے کر پانچ دن تک آگنی (آگ) سوریہ (سورج) ’سوم‘ پرجاپتی (برہما) اور مہیشور (شیو) کی پوجا انہیں بالترتیب نیلے، سفید، لال، پیلا اور کالے پھولوں سے ایک منڈل میں قائم کرکے کی جاتی ہے۔ تل، چاول، جَو، گھی، سفید سرسوں سے سلسلہ وار کرنا ہوتا ہے (ہیماوری ورت ۴۰۹ تا ۴۲۰) یعنی اگنی کا تلِ سے۔ سوریہ کا چاول سے۔ سوم کا جو سے پرجاپتی کا گھی سے اور ہیشور کا سفید سرسوں سے ہون کرنا چاہئے۔ اس موقع پر سورن دان (سونا دان کرنے) کی کافی فضیلت ہے۔ برہما کی سونے کی مورتی بنا کر دان کرنے کی بات کہی گئی ہے۔ براہمنوں کو

کھانا بھی کھلایا جاتا ہے اس دن سے دیوی مندروں میں نو دن تک پوجا پاٹھ ہوتی ہے۔ ویشنو مندروں میں رامائن پاٹھ ہوتے ہیں۔جنوبی ہند کے مندروں میں دیوداسیوں کے عبادتی پروگرام بھی ہوتے ہیں۔

رام نومی

آج کل یہ تیوہار کافی دھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔وشنو کے ساتویں اوتار کی حیثیت سے رام کی پیدائش کا دن چیتر کی نویں تاریخ کو شکل پکچھ میں منایا جاتا ہے۔والمیکی رامائن، اَگَسْتْیَ سنہتا وغیرہ کتب میں رام چندر جی کی پیدائش کا دن یہی تھا۔آگستئے سنہتا (अगत्स्य संहिता) میں اسے سب لوگوں کا وَرَتْ کہا گیا ہے۔جب کھیت کٹنے شروع ہوتے ہیں اور چند روز میں اناج لوگوں کے گھروں میں پہنچ جاتا ہے اس عین خوشی کے زمانہ میں سری رام چندر مہاراج کے اوتار کا دن آتا ہے تاکہ وہ ایام راحت میں رہنما بن کر دولت مندی کی آفات سے ہماری اسی طرح حفاظت کریں جس طرح بھادوں میں عین مصیبت کے وقت رہنمائی کے واسطے سری کرشن مہاراج کا جنم ہوا تھا۔کچھ لوگوں کے نزدیک یہ روز کا ورت ہے۔ایسا عقیدہ ہے کہ اس ورت کو کرنے سے انسان کی سبھی خواہشات پوری ہوجاتی ہیں۔اس کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں اور اس کی نجات ہوجاتی ہے۔

اس ورت کا طریقہ

آٹھویں تاریخ کو ہی عقیدت مند کو شام ہونے سے پہلے غسل کر لینا چاہیئے۔پھر ایک رام بھکت براہمن کو بلا کر اسے رام کے سونے کی مورتی دان میں قبول کرنے کے لئے درخواست کرنا چاہیئے اور براہمن کو جسم پر لگانے کے لئے تیل دینا چاہیئے۔پھر غسل کرا کر سفید کپڑے اور پھول دینا چاہیئے اور ساتوِک (सात्विक) یعنی گھی اور دودھ کا کھانا دینا چاہیئے اس طرح خود بھی وہی غذا کھائے اور دن بھر رام کتھا سنے اور آچاریہ یعنی براہمن کو زمین پر سلانا چاہیئے۔

دوسرے دن صبح خوب اہتمام سے غسل وغیرہ کرنے کے بعد سجا بجا کر رام کی پوجا، اپواس، یعنی بھوکا پیاسا رہ کر کرنا چاہیے۔رام کی سونے کی مورتی دان کرنی چاہیئے۔اس سے قبل رِگ وید اور پرانوں کے منتروں میں ۱۶ طریقہ سے مورتی کی پوجا کرنا درج ہے۔اس دن گائے، زمین اور کپڑے دان کرنے کی بھی فضیلت ہے۔(ہیماوری، وَرَتارک، وَرَت راج)۔لیکن اس خیرات کا انحصار اپنی استطاعت پر ہے۔

اس تیوہار کو عوامی بنانے میں گرو رام داس کا کافی بڑا حصہ ہے۔یہ مہاراشٹر کے تھے اور رامانند فرقہ سے متاثر تھے۔ان کی پیدائش ۱۶۰۸ء میں اور وفات ۱۶۸۱ء میں ہوئی۔

ڈاکٹر پی وی کانے کے مطابق'' آج کل بہت سے لوگ رام نومی پر اُپواس نہیں کرتے اور شاید ہی کوئی ہَوَن یا مُورتی دان (خیرات) کرتا ہو۔مگر دوپہر بعد رام مندروں میں تقاریب ہوتی ہیں۔

کِرِشن جنم اشٹمی

بھادْرپد کے کرشن پکچھ کی آٹھویں تاریخ کو کرشن جی کی پیدائش مانی جاتی ہے۔ چھاندوگ اُپنشد (۳۔۱۷۔۶) میں ہے کہ کرشن (دیوکی کے بیٹے) نے گھورانگیرس سے تعلیم حاصل کی۔پراک اِتہاس میں ۶۳ شخصیات کی تفصیلات میں تقریباً ایک تہائی حصہ کرشن کے بارے میں ہے۔مہابھارت میں انہیں کہیں تو پرماتما کہیں وشنو کہا گیا ہے۔انہیں وشنو کا آٹھواں اوتار مانا جاتا ہے۔جنم اشٹمی کے دن آدھی رات کو کرشن کی پیدائش مانی گئی ہے۔ اس دن اُپواس رکھا جاتا ہے اور اس دن کرِشن کی مورتی کی پوجا ہوتی ہے۔کیرتن وغیرہ بھی ہوتے ہیں۔اس موقع پر ہر وَیشنو مندر میں اور وَیشنو یا کرشن بھکتوں کے گھروں میں کرشن جی کی جھانکی سجائی جاتی ہے۔کچھ لوگ کنس کے قتل ہونے کی خوشی میں یہ تیوہار منائے جانے کی بات بھی کہتے ہیں۔

بہر حال بھادوں کے بھادوں کے مہینہ میں یہ تہوار منایا جاتا ہے۔خاص اسی

وقت ہندوؤں کے پورن برہم اوتار سری کرشن مہاراج کا جنم ہوا ہے جو ہمیشہ مصیبت کے وقت رکشا یعنی حفاظت کرتے ہیں ہندوؤں میں دو اوتار بڑے مانے جاتے ہیں ایک سری کرشن مہاراج، دوسرے سری رام چندر جی مہاراج۔سری کرشن مہاراج کا اوتار عین مصیبت کے زمانہ میں اور سری رام چندر جی مہاراج کا عین راحت کے زمانہ میں ہوتا ہے۔اس میں جغرافیائی دلچسپی یہ ہے کہ دونوں اوتار دن رات برابر ہونے کے زمانہ میں ہوتے ہیں جو لوند کے باعث عموماً قریب چھ ماہ کے فاصلہ سے ہوا کرتا ہے یعنی ایک آخر مارچ کے قریب اور دوسرا ستمبر کے۔جنم اشٹمی پر سری کرشن مہاراج کی جنم کی خوشی تمام ہندوستان میں منائی جاتی ہے اور حفاظت کی دعا اور بھجن ہوتے ہیں اب چونکہ وبائی زمانہ قرب آ گیا اس لئے قریب قریب ہر تیوہار پر برت رکھے جاتے ہیں جو برسات میں تندرستی کے واسطے خاص طور پر مفید ہیں۔کہتے ہیں کہ سری کرشن جی کی پیدائش پر تمام فرشتے ان کی زیارت کے واسطے اپنے اپنے ومان یعنی ہوائی جہاز پر سوار ہو کر آئے تھے اسی کی یادگار میں دودھ کاندوں کا میلہ ہوتا ہے۔بعض لوگ کرشن مہاراج کے جنم کا تیوہار نو دن تک مناتے ہیں۔

بسنت پنچمی

جب کلیاں کھل کر تمام کھیت کی سبزی زردی میں تبدیل ہونے لگے اس وقت یہ تہوار منایا جاتا ہے۔اس موسم میں کاشتکار کے دل میں قدرتی امنگ اور خوشی پیدا ہوتی ہے۔وہ ماگ کے آخر ہفتہ میں بسنت پنچمی کے روز زرد پھولوں کو خوش خوش گھر لا کر بی بی بچوں کو دکھاتا ہے اور پھر سب مل کر بسنت کا تیوہار مناتے ہیں اور زرد پھول اپنے اپنے کانوں میں بطور زیور لگا کر خدا سے دعا کرتے ہیں کہ اے پرماتما ہماری محنت کا پھل عطا کر اور پھولے ہوئے درختوں میں پھل پیدا کر۔

بسنت پنچمی میں وشنو بھگوان کا پوجن ہوتا ہے اور بعض اقوام آم کا بور بھی پوجتی

ہیں۔اس روز مالی امرا کے روبرو بور کی ڈالی پیش کرتے ہیں اور وہ تھوڑا سا بور لے کر ہاتھ میں مل لیتے ہیں اور تھوڑا کھا لیتے ہیں۔عام خیال یہ ہے کہ اس سے انسان بچھو اور چھوٹے حشرات الارض کے زہر سے نہ صرف خود محفوظ رہتا ہے بلکہ زخم پر تھوڑی دیر ہاتھ پھیرنے سے دوسروں کو بھی بچا سکتا ہے۔

مَہا شِیوْ راتْرِی

ہر ماہ کے کرشن پکچھ کی چودھویں تاریخ کو شیوراتری کہی جاتی ہے۔لیکن کبھی ماگ یا کبھی پھاگُن کی چودھویں تاریخ بھی مہا شیوراتری کہلاتی ہے۔پدم پُران (۶۔۲۴۰) اگنی پُران (۱۹۳) گروڑ پُران (۱۲۴۔۱) اور اسکند پُران (۳۲۔۱۔۱) وغیرہ پرانوں میں اس کا تفصیل سے بیان ہے۔ان پرُانوں میں شِیو کی حمد بیان ہوتی ہے کہتے ہیں یہ تیوہار شیو کی شادی پاروتی کے ساتھ ہونے کی وجہ سے منایا جاتا ہے۔(کلیان کے ہندو سنسکرتی انک صفحہ ۶۳۷) پر کہا گیا ہے کہ اس دن آدھی رات کو شیولنگ ظاہر ہوا تھا۔اسی وجہ سے یہ شیوراتری مانی جاتی ہے۔

جب کھیتوں میں اناج کی ابتدا ہوتی ہے اور کاشتکار کو اطمینان ہونے لگتا ہے کہ اس کی محنت کا نتیجہ جلد پیدا ہونے والا ہے اور وہ دولت مند ہو جاتا ہے۔اگر کافی انتظام اور راج نیت (سیاست مدن) قائم رہے تو دولت مند ہونے سے پہلے مہاشیوراتری کا تیوہار مناتے ہیں۔

شیو جی راج نیت کی اصلی مورتی ہیں اور ان کی تصویر نہایت دلچسپ اور قابل غور ہے یہ برہما جی کے بیٹے زمانہ مستقبل کے مظہر سائنٹفک صورت ہیں۔ان کے جسم پر بھبھوت رمی ہے۔سانپ لپٹے ہوئے ہیں۔گلے میں زہر بھرا رہنے سے ان کا رنگ نیلا ہو گیا ہے۔ماتھے پر چندرما ہے جو امرت یعنی آبِ حیات برسا رہا ہے۔سر پر جٹا جوٹ ہے جس سے گنگا جی بہہ رہی ہیں۔سامنے دھونی کی آگ جل رہی ہے۔ان کی لازوال سہاگ والی

بیوی یعنی پاروتی جی اس قدر قریب گود میں بیٹھی ہوئی ہیں کہ شیو جی کی اردھانگنی یعنی جسم کا نصف حصہ بن گئی ہیں لیکن شیو جی مہاراج خود پر ماتما کے دھیان میں ایسے مگن ہیں کہ گویا دنیا و مافیہا کی خبر نہیں۔ ان کے دو بچے بھی موجود ہیں ایک گنیش جی جن کا سر ہاتھی کا ہے۔ اور دوسرے کھٹ مکھ جی جن کے چھ منہ ہیں۔ ان چاروں دیوتاؤں کی سواریاں سامنے موجود ہیں۔ شیو جی کا بیل ہے۔ پاروتی جی کا شیر۔ گنیش جی کا چوہا اور کھٹ مکھ جی کا مور۔ شیو جی کے ہمراہ بھوت اور مسان ہیں جو ہر دم حاضر رہتے ہیں۔ اس ورت کو کرنے کا سبھی ذاتوں کو حق ہے۔

● اس دن اپواس کیا جاتا ہے شنکر آچاریہ نے اس دن (اپواس کو اہمیت دی ہے۔ جب کہ ہیماوری، مادھو وغیرہ نے اُپواس، پوجا اور جاگرن تینوں کو اہمیت دی ہے۔

● شنکر جی خود کہتے ہیں کہ اس دن ورت رکھ کر انسان مجھے حاصل کر سکتا ہے (کتاب شیو ہسیہ) اس دن شیو پوجا کے علاوہ لوگ شیو کی کتھائیں بھی سنتے ہیں۔

● کہیں کہیں لوگ بادام، کمل دل، افیم کا بیج، دھتورہ وغیرہ کو ملا کر یا صرف بھانگ کا ہی استعمال کرتے ہیں بہت سے شیو مندروں میں مورتی پر لگاتار جل دھارا کا اہتمام ہوتا ہے۔ اور شیو کی شادی کی یادگار میں جھانکیاں نکالی جاتی ہیں۔

دشاوَتار (दशावतार)

مارگ شِیرشُ کی شُکل پکچھ کی (یعنی ماگ کی) بارہویں تاریخ کو یہ وَرَت شروع ہوتا ہے۔ وَیشنو پرُان کے مطابق اسی دن وِشُنو مچھلی (मत्स्य) کی شکل میں ظاہر ہوئے تھے۔ ہر ماہ کی بارہویں تاریخ کو وَرَت کا اہتمام ہوتا ہے جو کہ بھادر پد ماہ تک ہوتا ہے وِشُنو کے دس اوتاروں کا ہر ماہ میں ایک ایک اوتار کی پوجا کرنے کا طریقہ رائج ہے۔ وشنو کے دس اوتار اس طرح ہیں۔ (۱) نرسنگ (۲) مچھلی (۳) کچھوا (۴) سوریہ (۵) وامن (بونا) (۶) پرشورام (۷) رام (۸) کرشن (۹) بدھ اور (۱۰) کلکی۔

ڈاکٹر راج بلی پانڈے کے مطابق پانچ مہاورت

(۱) اس وَرَث کے مطابق ماگھ یا چیتر کے دن میں تمام چیزوں (गुडधेनु) کو خیرات کرنا چاہئے اور دوسری تاریخ کے دن صرف گڑ کھانا چاہئے۔ اس سے سورگ ملے گا۔

(۲) چتُور دَشی یا چودھویں تاریخ یا شُکلُ پکچھ کی اٹھارویں تاریخ جب کہ پکچھتر شراون ہو اس وقت ورت رکھنا چاہئے۔ یہ (तिथिव्रत) یعنی تاریخ والا ورت ہے۔ شیو اس کے دیوتا ہیں۔

(۳) کارتِک کی اَماَ وشیا یا پُورنیما کے دن انسان کو خاص ضابطہ کا وَرَث رکھنا چاہئے۔ (مکت) مخصوص طریقہ سے کھانا چاہئے اور گھی ملا رقیق کھانا کھانا چاہئے۔ چندن اور گنے کا رس بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ آماوس کے دوسرے دن اُپواس رکھتے ہوئے آٹھ یا سولہ شیو برہمنوں کو کھانے پر مدعو کہا جاتا ہے۔ شیو اس برت کے دیوتا ہیں۔ شیو کی مورتی کی اہتمام کے ساتھ پوجا کی جاتی ہے۔ پھر کہا جاتا ہے کہ آچاریہ اور براہمنوں کو ان کی بیویوں سمیت سونا اور کپڑے خیرات کرنا چاہئے اس سے انسان لمبی زندگی پاتا ہے۔ اور وہ ان کے مطابق خوبصورت اور خوش قسمت ہو جاتا ہے۔

(۴) ہر پورن ماسی کو اُپواس اور ہری (وشنو) کی شکل وصورت و مکمل برہم کی حیثیت سے پوجا کی جاتی ہے اور اَماوس کو بے شکل (निराकार) پوجا کی جاتی ہے۔ یہ وَرَت سال بھر تک چلتا ہے اس سے گناہوں سے پاک ہو کر جنت حاصل کی جاتی ہے۔ اگر بارہ سال تک یہ وَرَت کیا جائے تو ایسا آدمی وشنولوک کو حاصل کر لیتا ہے۔ (وشنو دھرم ۳۔۱۹۸۔۱۔۷)

(۵) کرشن اور شکل پکچھ کی اشٹمی یا (चतुर्दशी) یعنی آٹھویں یا چودھویں تاریخ کو خاص طریقہ (नक्त) سے کھانا کھاتے ہوئے شیو جی کی پوجا کی جاتی ہے۔ یہ وَرَت ایک سال تک چلتا ہے اس سے لنگ پرُان کے مطابق اعلی کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ (لنگ پُران)

(مندرجہ بالا تفصیلات پانڈے جی کی کتاب ہندو دھرم کوش سے لی گئی ہیں)

مخصوص تیوہار اور پرب

وِجُیا دشمی (विजयादशमी)

اس کا نام دَشُہرہ بھی ہے آشون شُکل کی دسویں تاریخ کو یہ تیوہار منایا جاتا ہے۔

اس دن راجہ دیوی کی پوجا کر کے دوسری ریاست کی سرحد کو پار کرنا ضروری سمجھتے تھے۔اس میں کہا گیا ہے کہ راجہ اپنے گھوڑوں کو سجا سنوار کر اس پر سواری کر کے برہمن پروہت کو ریاست کی حدود کے باہر لے جا کر وید کے منتروں کے ساتھ پوجا کرے۔ براہمنوں کی بھی پوجا کرے۔اسے گھوڑا، ہاتھی سونا چاندی اور کپڑے وغیرہ خیرات کرے۔ دشمن کا پتلا بنائے اور اس میں تیر مارے۔عظمت اور جلال والے بادشاہ اسی دن دس سمتوں کو فتح کر نے کی مہم کا آغاز کرتے تھے۔ کہتے ہیں کہ اس دن رام چندر جی نے راون کو قتل کیا تھا اس روز راون (रावण) کا پتلا بنا کر اس میں آگ لگا دی جاتی ہے۔یعنی باطل کی شکست کی خوشی میں یہ تیوہار منایا جاتا ہے۔رام لیلائیں وجیا دشمی کے پہلے ہی شروع ہوتی ہیں، جو کہیں کہیں اسی دن ختم کر دی جاتی ہیں۔

تمل ناڈو میں دراوڑ مُنیتر کزگم (DMK) نے ''جئے رام'' کے بدلے'' جئے راون'' کہنے کا رواج رائج کرنے کی کوشش کی تھی اور وجیا دشمی کے دن رام کے پتلے جلائے گئے تھے۔ وہاں پر راون لیلائیں بھی کبھی ہوتی ہیں۔شمالی ہندوستان میں گھر کے سامنے کہیں کہیں گوبر کی دس گوریاں (پتلے) بنائی جاتی ہیں اور ان کی پوجا ہوتی ہے۔

شری وی پی کانے کہتے ہیں کہ دشہرہ ورت جیشٹھ کے شُکل پچھ کی دسویں تاریخ کو کیا جاتا ہے۔ برہم پُران (۱۵۔ ۶۳) میں آیا ہے کہ جیشٹھ کے شکل کی دسویں کو شہرہ کہتے ہیں کیونکہ یہ دس گناہوں کو ختم کرتی ہے۔(دھرم شاستر کا اتہاس جلد ۴، صفحہ ۳۷)

شری کانے ہی کہتے ہیں کہ وجیا دشمی کے دن کچھ مقامات پر بھینسے یا بکرے کی

ہندو مذہب کے اہم تیوہار و رسوم اور شادی کا مختصر طریقہ

قربانی دی جاتی ہے۔اس موقع پر کئی طرح کا اہتمام ہوتا ہے جیسے: اسلحوں کی پوجا، دشہرہ یا وجیا دشمی سے متعلق پیشوں کے اوزاروں اور آلات کی پوجا۔کچھ لوگ اسے زراعت کی تقریب جانتے ہیں۔اور کچھ لوگ اسے رَنَ یاترا (بارش ختم ہونے اور اناج کو گھر میں رکھنے کی تقریب) کی علامت مانتے ہیں۔درگا پوجا بھی اسی دن ختم ہوتی ہے۔(دھرم شاستر کا اتہاس ص ۷۱۔ ۷۲)

دیوالی

اسے دیپاولی دپالکا، دیپ مالکا، سکھ راتری، یکچھ راتری اور سکھ پتیکا بھی کہتے ہیں۔اسے پورے ہندوستان میں منایا جاتا ہے۔

مختلف باتوں اور واقعات کی وجہ سے دیوالی پانچ دنوں تک منائی جاتی ہے ان دنوں چراغ جلائے جاتے ہیں اور پٹاخے چھوڑے جاتے ہیں۔ یہ تیوہار آشون کے کرشن پکچھ کی تیرہویں تاریخ سے شروع ہوتا ہے۔تیرہویں کو''دھن تیرس'' کہا جاتا ہے۔اس دن یم راج کی پوجا بھی ہوتی ہے۔یم راج موت کے دیوتا مانے جاتے ہیں اور ان سے ایک واقعہ منسوب کر کے کہا جاتا ہے کہ جو اس دن ورت کرے تو اس کی موت اچانک نہیں ہوگی۔اس دن برتن کی خریداری مبارک سمجھی جاتی ہے اس دن دولت کی پوجا ہوتی ہے۔ دھنونتری (طب کے بانی) جینتی بھی اسی دن منائی جاتی ہے۔

نَرَک چتر دشی اس کے دوسرے دن ہوتی ہے اس دن نرک (جہنم) کی پوجا ہوتی ہے۔نرک سے دعا کی جاتی ہے کہ وہ اسے قبول نہ کرے۔ کارتک کے کرشن پکھ کی چودہویں کو نرک (جہنم) سے بچنے کے لئے تیل مالش کر کے غسل کیا جاتا ہے۔

پُرانوں کے مطابق اس دن جہنم کے لئے ایک چراغ جلانا چاہئے۔جنوبی ہند کے لوگ چودہویں کے غسل کے بعد'' کاریٹ'' نامی ایک کڑوا پھل پیر سے کچلتے ہیں جو شاید نَرکاسُر (नरकासुर) کے خاتمے کی علامت ہے نَرکاسُر کے قتل کی کہانی اس سے جڑ گئی ہے۔کہانی یوں ہے''نَرکاسُر'' پراگ جیوتش پور کا راجہ تھا۔اس نے براہمنوں اور دیوتاؤں پر

بہت ظلم توڑے اور راجہ اندر کو ہرادیا تھا۔ چنانچہ دیوتاؤں کی درخواست پر ویشنو نے کرشن کے اوتار کے روپ میں سدرشن چکر، سے اس کا سر کاٹ ڈالا، کہتے ہیں کہ نرکاسر کے پاس کبیر کی دولت سے زیادہ مال واسباب تھا جسے کرشن جی اپنے ساتھ دوارکا لے آئے تھے۔ کرشن جی نے سولہ ہزار عورتوں کو بھی اس سے چھڑایا تھا۔

دیوالی سے متعلق مختلف کہانیاں

دیوالی کے متعلق مختلف کہانیاں رائج ہیں جس میں سے یہ چار کہانیاں اہم ہیں:

(۱) ایک کہانی راجہ بلی کی ہے جو وشنو بھکت پرہلاد کا نواسہ اور ویروچن کا بیٹا تھا۔ اس نے اپنے استاد شنکر آچاریہ کے منتر اور اپنی طاقت سے تینوں لوکوں (دنیاؤں) کو فتح کرلیا تھا۔ دیوتا لوگ کافی پریشان وبدحال تھے۔ وہ اپنی حفاظت کے لئے وشنو کے پاس گئے اور ان سے درخواست کی تو وشنو نے رحم کے جذبہ سے بوَنے (वामन) کی شکل میں اوتار لیا اور عبادت گذار براہمن کی شکل اختیار کر کے بلی کے پاس گئے۔ بلی بڑا ہی مخیر تھا۔ وامن نے بلی سے تین قدم زمین مانگی۔ بلی نے کہا لے لو۔ وامن نے فوراً ایک قدم سے ساری زمین اور دوسرے سے سورگ (جنت) ناپ لیا، تیسرے قدم کے لئے کوئی جگہ نہیں بچ پائی تو بلی نے اپنی پیٹھ نیوادی۔ لیکن وشنو نے بلی کو پاتال کا راجہ بنا کر بھیج دیا اور جنت دیوتاؤں کو واپس کردیا۔ کئی پرانوں میں یہ کہانی آئی ہے۔

(۲) راون کو قتل کرکے ایودھیا لوٹنے کے بعد وہاں کے باشندوں نے چراغ جلا کر رام کا استقبال کیا ہے تھا اس خوشی میں تیوہار منایا جاتا ہے۔

(۳) کہتے ہیں کہ برہما نے کائنات بنائی اور رشی وغیرہ زمین پر آگئے۔ لیکن یہاں تاریکی ہی تاریکی تھی، تو ریشیوں نے برہما سے روشنی کی درخواست کی جس پر برہما نے سورج چاند اور ستارے بنائے جن سے روشنی پیدا ہوئی۔ اس خوشی میں تیوہار منایا جاتا ہے۔

(۴) کہا جاتا ہے کہ ویشنو نے ہرنیاکش نامی ایک ظالم راجہ کو ''سُوَر'' اوتار (वराह) کی شکل

میں اس دن اسے قتل کیا تھا۔

دیوالی میں آماوَسیا کے دن کی اہمیت زیادہ ہے اس دن لکشمی اور کبیر کی پوجا ہوتی ہے۔ گنیش کی پوجا بھی ہوتی ہے۔ آج کل یہ دن خاص طور سے ''ویشیہ'' اور تاجرو ں میں دھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔ اس وقت پرانے کھاتے بند کئے جاتے ہیں اور نئے کھولے جاتے ہیں۔ ایسا کہا جاتا ہے کہ برہما نے براہمنوں کو رکھشا بندھن، چھتریوں کو دشہرہ، ویشیوں کو دیوالی اور شودروں کو ہولی کی تقریبات عطا کی ہیں۔ دیوالی کے آخری پانچویں دن بھیا دوج ہوتا ہے۔ اس دن بہنیں بھائیوں کے لئے پوجا کرتی ہیں۔ کاشتھوں میں اس دن چتر گیت کی پوجا ہوتی ہے۔

دیوالی میں جُوا وغیرہ کے لئے ایک دن (چوتھا) خاص ہے۔ ویسے تو آج کل جُوا وغیرہ دیوالی کے پہلے سے شروع ہوکر بعد تک چلتا رہتا ہے۔ پرانوں میں آیا ہے کہ اس دن پاروتی نے جوا میں شنکر کو ہرادیا تھا۔ جس سے شنکر غمگین اور پاروتی خوش ہوئی تھیں۔ اس دن کی ہار سے سال بھر دولت کا نقصان ہوتا ہے اور جیت سے پورا سال خوشحال اور فائدہ مند گذرتا ہے۔

دیوالی کے کرسمس میں آٹھ تیوہار ہوتے ہیں۔

(۱) کرواچوتھ:

کرسمس کی ابتدا، صفائی قلب، تصویر کشی اور نئے مٹی کے برتنوں کے استعمال کی سری گنیشائے نمہ یعنی شروعاتی کلمات کے واسطے۔ اس روز عورتیں اپنے خاوندوں کی زندگی اور خیریت کے واسطے پوجن اور دعا کرتی ہیں۔

(۲) اہوائی اشٹمی:

مزید صفائی قلب اور تصویر کشی کی ابتدائی تکمیل کے لئے۔ اس دن عورتیں اپنے بیٹوں کی خیریت اور زندگی کے واسطے پوجن اور دعا کرتی ہیں اور ان دونوں تیوہاروں پر روزہ رکھتی ہیں۔

(۳) چھاردوادستی:

نئے اناج کے استعمال کے واسطے اس روز گائے کی زندگی اور خیریت کا تیوہار منایا جاتا ہے کیونکہ اس کی تندرستی پر کھیتی اور انسان کی زندگی منحصر ہے۔

(۴) دھن تیرس:

دھات کے نئے برتنوں کے استعمال کے واسطے۔ اس روز اناج کی حفاظت کا انتظام تیوہار کی صورت میں ہوتا ہے اور نئے برتن خریدے جاتے ہیں۔

(۵) نرک چودس یا روپ چودس:

مکان کے ڈس انفیکشن کی ابتداء اور صفائی کا پہلا دن۔

(۶) دیوالی:

مکان کے ڈس انفیکشن کی ابتداء اور صفائی کا خاص دن۔

(۷) گوبردھن:

نئے اناج کے بعد مویشیوں کے نئے دودھ اور گوبر وغیرہ کے استعمال اور حفاظت کا دن۔

(۸) جم دوج:

ڈس انفیکشن کے خاتمہ اور تمام انتظامات کی کامیابی کا آخری دن۔ یہ دن عزیز و اقرباء کی خیریت اور زندگی کی دعا کے واسطے ہے یعنی بہن اپنے بھائی کو بلا کر اس کی پیشانی پر قشقہ کھینچتی ہے اور زندگی اور تندرستی کے واسطے دعا کرتی ہے۔

روپ چودس کے دوسرے دن بڑی دیوالی ہوتی ہے اور دونوں روز مکان کی آرائش کی جاتی ہے اور گوشہ میں چراغ جلائے جاتے ہیں پہلے روز کم اور دوسرے روز زیادہ لیکن موری (مہری) یاخانہ اور پلہنڈی (گھڑونچی) وغیرہ پر دونوں روز چراغ رکھے جاتے ہیں۔

اس طرح مکان کے وہ حصے جن میں وبائی اثر کا خاص خوف ہے متواتر دو روز تک ڈس انفیکٹ کئے جاتے ہیں اور لوگ دولت کی دیوی یعنی لکشمی کی پوجا کر کے پرماتما سے دعا کرتے ہیں کہ تندرستی کے ساتھ ان کو کافی دولت پیدا کرنے کا موقع ملے تا کہ وہ بہ آرام زندگی بسر کر سکیں۔ روپ چودس سے پہلے تمام مکان لیپ پوت کر صاف کر دیا جاتا ہے اور کوڑا کرکٹ باہر پھینکنے کے بعد بغرض ڈس انفیکشن اس روز مکان کے باہر ''جم کا چراغ'' جلایا جاتا ہے اور لوگ خود بھی نہا دھو کر صاف ستھرے ہو جاتے ہیں۔ اسی روز چھوٹی دیوالی ہوتی ہے۔ عورتیں مختلف تصویریں تیار کرتی ہیں اور شب کو پوجا اور دعا کے بعد جا بجا چراغ جلا کر مکان کو ڈس انفیکٹ کرتی ہیں۔ واضح ہو کہ سرد پونو کو چراغوں کی خیرات ہو چکی اس تیوہار پر ان کا خوب استعمال کیا جاتا ہے۔ دیوالی سنسکرت کے دو الفاظ کا مجموعہ ہے جن کے معنی ''چراغوں کی قطار'' ہیں یا دوسرے الفاظ میں یہ کہئے کہ دیوالی کی اندھیری رات میں ہندوؤں کی عید کا نظارہ ہوتا ہے۔ ان ایام میں بھی چراغوں کی خیرات کرنا ضروری ہے۔

روپ چودس کے روز سری رامچندر جی کے لاثانی مشیر اور فوجی افسر ہنومان جی کا جنم ہوا ہے۔ ان کی زندگی جسمانی، دماغی اور روحانی قوت کا اعلیٰ نمونہ ہے اور کشمکش میں کامیابی کا زبردست ذریعہ۔ ان کی بہادری کا پیدائش کے دن ہی سے اظہار ہونے لگا تھا۔ یہ دوستِ صادق ایسے تھے کہ مصیبت کے وقت جب سگریو کا کوئی مددگار نہ تھا انہوں نے ساتھ نہ چھوڑا اور سری رام چندر جی کی بھی خدمت کی۔

رہنما ایسے زبردست تھے کہ سیتا جی کی تلاش میں سب ہمراہیوں کو سمندر کے کنارہ تک لے گئے اور جب وہ لوگ آگے نہ بڑھ سکے تو خود سمندر پار جا کر پتہ لگا لائے۔ شجاع اس قدر کہ راون کی دار السلطنت میں پہنچ کر تنہا سینکڑوں راکششوں کو راون کے فرزند اکشے کمار سمیت قتل کر دیا اور تمام شہر جلا دیا۔ سراغ رساں ایسے عقیل کہ تنہا لنکا میں پہنچ کر سیتا جی کا پتہ لگا لیا اور سری رام چندر جی کا پیغام ان تک پہنچا کر جواب لائے لیکن کسی راکشش کو اس کا حال معلوم نہ ہوا۔

منتظم ایسے کہ دشمن کی تمام فوج ان سے کانپتی تھی اور اس کے ساتھ ہی عقیدت منداور پرم بھگت ایسے کہ اپنے مالک سری رام چندر جی کو گرویدہ کرلیا۔انوک ہر جگہ اور ہر چیز میں سری رامچندر جی کے سوا کچھ نظر نہیں آتا تھا۔غرضیکہ ہنومان جی جسمانی، اخلاقی اور روحانی کشمکش میں کامیابی کا اعلیٰ نمونہ تھے اور ہندو ان کی زندگی کو پیش نظر رکھ کر کامیابی کی دعا کرتے ہیں۔

جنوبی ہند میں ہنومان جی کی پیدائش کا تیوہار (ہنومان جینتی) چیت کی پورنماشی کو منایا جاتا ہے مگر پنجاب میں بعض چیت سدی چودس کو تیوہار مناتے ہیں۔دیوالی کے روز دولت کی دیوی یعنی لکشمی جی کی پوجا بھی ہر گھر میں ہوتی ہے اور بازار میں لکشمی جی کے کھلونے بکثرت بکتے ہیں۔کھلونے کی شکل یہ ہوتی ہے کہ سمندر کی سطح پر کمل کا پھول کھلا ہوا ہے اس پر لکشمی جی بیٹھی ہوئی ہیں اور ان کے ہر دو جانب دو ہاتھی سونڈ اٹھائے ہوئے سر پر دودھ کی دھار ڈال رہے ہیں۔

اس کے متعلق یہ روایت ہے کہ برسات میں دیتوں نے لکشمی جی کو کمل کے اندر قید کردیا تھا۔دیوالی کے دن وشنو بھگوان نے ان کو قید سے آزاد کیا اور لکشمی جی نے کمل سے نکل کر سب کو درشن دیئے۔اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ برسات اور وبائی امراض کے باعث ہمارے واسطے حصول دولت ممکن نہ تھا کیونکہ برسات کا پانی ہر طرف سمندر کی طرح پھیلا ہوا تھا اور زراعت کی زمین جس پر ہمارے مویشیوں کی زندگی منحصر ہے پانی کے اندر قید تھی۔اب برسات جاتی رہی زمین دوبارہ زراعت کے قابل ہوگئی اور اس پر سبزی کے آثار نظر آنے لگے۔

ہولی

ہولی کو ''ہولکا'' بھی کہتے ہیں۔یہ مغربی بنگال کو چھوڑ کر باقی سب مقامات پر منائی جاتی ہے۔بنگال میں اس دن کرشن کی مورتی کا جھولا رائج ہے اس کے ذریعہ پھاگن

کی پورنیا کو منایا جاتا ہے۔اس تیوہار کو پہلے ''ہولاکا'' کہتے تھے بھوشیہ پُران میں ہولی کی کہانی کا ذکر ہے۔نرسنگھ پُران اور بھاگوت پُران اور دوسرے پُرانوں میں ہولی کے بارے میں تفصیلات ہیں۔اس کی حکایت مختصر درج ذیل ہیں:

ہرڑیا کچھ(हिरण्याक्ष) کے چھوٹے بھائی ہرڑیکشپو (हिरण्याकशिपु) کو قتل کرکے مذہب کی تجدید وترقی کے لئے وِشنو نے نرسنگھ کا اوتار لیا تھا۔ہرڑیکشپو اپنے لڑکے بگت پرہلاد کو کوئی طرح سے مارنے کی کوشش کرچکا تھا لیکن وہ نہ مرسکا تب ہرڑیکشپو کی بہن اور پرہلاد کی پھوپھی ہولکا نامی نے ارادہ کیا کہ میں بجر کا جسم رکھتی ہوں مجھے تو آگ جلا نہ سکے گی اس لئے پرہلاد سے کہو کہ اگر تیرا کوئی ایشور ہے اور تجھ کو بچا سکتا ہے تو آمیرے ساتھ آگ میں بیٹھ جاوہ تجھ کو بچالے گا۔اس طرح پرہلاد ایشور کا دھیان کرتا ہوا ہولکا کی ساتھ آگ میں بیٹھ گیا آگ سے ہولکا تو جل گئی لیکن ایشور کی کرپا سے پرہلاد کو آگ ذرا بھی نقصان نہ پہنچا سکی جس پر سب لوگوں نے خوشیاں منائیں کہ ہولکا جل گئی اور پرہلاد بچ گیا۔

کہانی کی تفصیل یہ ہے کہ ہرڑیکشپو اپنے بڑے بھائی کے قتل کی وجہ سے وشنو سے بہت ہی ناراض رہا کرتا تھا اور ان کو اپنا بڑا دشمن مانتا تھا۔دراصل برہما کے وردان سے ہرڑیکشپو نے جنت کی ریاست پر قبضہ کرلیا تھا اور دیوتاؤں کو جنت سے نکال دیا تھا۔اس وقت دیوتاؤں نے وشنو سے درخواست کی تو وہ خوش ہوگئے اور کہا کہ ہرڑیکشپو جب وید مذہب اور اپنے (وشنو بھکت) بیٹے ''پرہلاد'' پر ظلم کرے گا،اس وقت میں نرسنگھ کی شکل میں ظاہر ہوکر اس کو قتل کردونگا ہرڑیکشپو چاہتا تھا کہ اس کا بیٹا پرہلاد وشنو کی پوجا نہ کرے۔اس نے پرہلاد سے وشنو کی پوجا سے باز رہنے کو کہا مگر وہ نہیں مانا تو اس کے باپ نے اپنی بہن ''ہولکا'' سے کہا کہ وہ اسے لے کر آگ پر بیٹھ جائے۔ہولکا کو وردان ملا تھا کہ وہ آگ میں نہیں جلے گی،مگر وہ جب پرہلاد کو لے کر آگ میں بیٹھی تو وہ جل گئی اور پرہلاد بچ گئے۔

بھاگوت پران کے مطابق وشنو جانور اور انسان کا مشترکہ روپ اختیار کرکے

ایک کھمبے سے ظاہر ہو گئے۔ اس شکل کو دیکھ کر ہرڑیکشپو خوفزدہ نہیں ہوا بلکہ وہ ہاتھ میں برج لے کر "نرسنگھ بھگوان" کے اوپر مارنے کو آمادہ ہو گیا۔ انہوں نے فوراً ہی اسے پکڑ لیا اور جس طرح گروڑ پرندہ زہریلے سانپ کو مارتا ہے اسی طرح وِشنو نے اسے اپنے ناخونوں کے ذریعہ اس کا کلیجہ چھلنی کر ڈالا اور اپنے بھکت پر ہلاد کی حفاظت کی۔

ہولی کے جلنے کے دوسرے دن ہولی ہوتی ہے۔ اس دن رنگ 'ابیر' گلال کو ایک دوسرے کو بطور اظہار محبت لگاتے ہیں۔ تمام کدورت اور بغض وعداوت اس دن لوگ بھول جاتے ہیں۔ کیچڑ اور نقصان دہ چیزوں کا بھی لوگ اب استعمال کرنے لگے ہیں۔ بھانگ شراب وغیرہ نشیلی چیزیں بھی اکثر مقامات پر استعمال کی جاتی ہیں۔ یہ تیوہار مختلف ریاستوں میں مختلف طریقوں سے منایا جاتا ہے۔

ہولی کے سولہ دن زیادہ تر غیر ضروری سامان یعنی کوڑا کرکٹ جمع کر کے جلانے کے انتظام میں صرف ہوتے ہیں اس کے چھ دنوں کے اہم اعمال اور وجوہات درج ذیل ہیں۔

(۱) پھلیرادوج: ہولی جلانے کی غرض سے تیاری کا پہلا دن

(۲) ایکادشی: ہولی کی خوشی کا پہلا دن۔ اس روز مندروں میں ٹھاکر جی پر رنگ ڈالا جاتا ہے۔

(۳) دوادشی: اپنے گھر میں شرکائے خاندان کا ہولی کی خوشی منانے اور رنگ ڈالنے کا دن۔

(۴) ہولی غیر ضروری کوڑا کرکٹ (جو اس عرصہ میں کل جمع ہو چکا ہے) جلا کر فصل کی جانچ کا خاص دن۔

(۵) پڑوا: تمام قوم کامل کر فصل کی کامیابی پر رنگ ڈالنے اور خوشی منانے کا دن ہوتا ہے۔

(۶) دوج: انتظام کی کامیابی پر باہم ملاقات کا آخری دن چونکہ موسم سرما کی بارش بھاگن میں ختم ہو جاتی ہے۔ اس لئے ہولی وباؤں کی روک تھام کی پیش بندی کا ذریعہ مانا جاتا ہے۔ چنانچہ ہولی کے دن ان خشک جمع شدہ شاخوں اور پتوں کو ہر کھیت کے قریب جلا دیا جاتا ہے جس سے نہ صرف کھیتوں کی صفائی ہو جاتی بلکہ آگ کی گرمی ایک حد تک اناج کے پکنے میں مددگار تھی۔

اس وقت کسان پکتے اناج کی چند بالیاں لے کر اور اس جلتی آگ میں بھون کر اپنی محنت اور جانفشانی کا اندازہ کرتا تھا اور پھر تھوڑی تحفہ کے طور پر اپنے عزیز اور احباب بزرگوں اور عزیزوں کے روبرو پیش کرتا تھا تاکہ وہ اس کے پچھلے مہینوں خاص کر خزاں کے زمانہ کی محنت شاقہ کی داد دیں اور خوشی میں شریک ہوں۔ کامیابی کی خوشی میں بزرگوں کے مخر یہ قدم چومتا دوستوں سے گلے ملتا اور عزیزوں کو دعا دیتا۔

ہولی میں رنگ ڈالنے کی اصلیت یہ ہے کہ چونکہ اس موسم میں پانی بھی برا نہیں معلوم ہوتا اس لئے ڈھاک کے پھول کا رنگ بنا کر لوگ ایک دوسرے پر بخوشی ڈالتے ہیں۔ ڈھاک کا درخت جسمانی، دماغی، اور روحانی تندرستی کے واسطے نہایت مفید ہے اسی وجہ سے اسکی پتل استعمال ہوتی ہیں۔ اور فقراء اکثر پتل ہی پر کھانا کھاتے ہیں۔

خدا کی قدرت دیکھئے کہ یہ پھول اسی موسم میں پیدا ہوتا ہے جب اس کی نہایت ضرورت ہے عبیر اور گلال کے اجزاء اور ڈھاک کے پھول موسمی امراض کے لئے عموماً چیچک کے لئے خصوصاً مفید ہیں اس کے واسطے ویدک کتابیں شہادت دے سکتی ہیں اور بہت ممکن ہے جدید حکمت بھی تحقیق ہونے پر ان کی خوبی قبول کر لے۔ اسی طرح تبدیلی موسم کے زمانے میں پکتے ہوئے اناج یعنی نئے چنے گیہوں اور جو کا استعمال نہ صرف خون کی صفائی میں مدد دیتا ہے بلکہ بہت سے امراض دور کرتا ہے۔ چنانچہ ہولی اور دیوالی پر اس کی پا

پڑیاں پکوڑیاں اور بہت سی لذیذ چیزیں بنا کر کھائی جاتی ہیں مگر بدقسمتی سے آج کل اس سادہ خوراک کے بجائے پرانے خشک گیہوں کی میدہ اور ایک سال پہلے پرانے چنے ان چیزوں کے بنانے میں استعمال کئے جاتے ہیں اور ایجاد بندہ کے طور پر قسم قسم کے میوہ جات کھٹائی اور مرچ وغیرہ شامل کئے جاتے ہیں تاکہ زبان کو لطف آئے خواہ تندرستی پر کیسا ہی خراب اثر ہو۔

اسی طرح پانی میں ڈھاک کے پھول کی بجائے مختلف قسم کے جدید رنگ ملا کر ڈالے جاتے ہیں یہ رنگ موسمی امراض روکنا تو درکنار ان کے پیدا ہونے میں بعض اوقات مدد دیتے ہیں اور تندرستی خراب ہو جاتی ہے۔ اسی طرح خشک پتے اور ٹہنیوں کے بجائے درختوں کی بڑی شاخیں کاٹ کر ہولی جلائی جاتی ہے۔ گلال کے بجائے کیچڑ پھینکی جاتی ہے اور خدا کی حمد و ثنا کے بجائے لوگ گالیاں بکتے اور فحش راگ گاتے ہیں۔

رکشا بندھن

شراون ماہ کی پونیما کو یہ ورت اور تیوہار ہوتا ہے اسی دن ''شواونی'' بھی ہوتی ہے ۔اس دن پروہت اپنی حفاظت کے لئے لوگوں کے سیدھے ہاتھ میں دھاگہ باندھتے ہیں اور خیرات کرتے ہیں۔ اتر پردیش بہار مدھیہ پردیش، گجرات اور دوسرے مقامات پر بہنیں بھائیوں کو راکھی باندھتی ہیں اور تحائف لیتی ہیں۔ بھوشیہ اُتّر پُران میں ہے کہ اندر رانی (اِندر کی بیوی) نے اندر کے دائیں ہاتھ میں رکھشا باندھ کر انہیں اتنا طاقتور بنا دیا کہ انہوں نے اسوروں کو شکست دے دی۔ (۲۰-۱۹-۷-۱۳ بھوشیہ اُتر پُران)

شراون کی پورنیما کو ہی مغربی ہندوستان خاص طور پر کوکن اور مالابار علاقے میں ہندو اور پارسی سمندر کے ساحل پر جاتے ہیں اور سمندر کو پھول اور ناریل چڑھاتے ہیں۔ 'شراونی'' کو منا کر پہلے ویدک شاخوں کے مطالعہ کا آغاز کیا جاتا تھا۔ اسی دن پہلے تعلیمی سال شروع کیا جاتا تھا۔ کچھ مقامات پر یگیہ کے ذریعہ بارش کی دعا بھی کی جاتی تھی۔ کہیں کہیں گائے کی پوجا بھی ہوتی ہے۔

جنیو پہننے کا دن

دکھن میں اس روز پوترا یعنی نیا جنیئو بنا کر دیوتاؤں کو پہنایا جاتا ہے اور پھر خود پہنا جاتا ہے اس لئے اس کو پوتی اور نیا بھی کہتے ہیں۔ ممبئی وغیرہ بندرگاہ میں اس روز سمندر پر ناریل چڑھایا جاتا ہے۔ یہ بُرن دیوتا کی پوجا ہے۔ پہلے زمانہ میں اس روز سمندر پر ناریل اور جنیؤ چڑھایا جاتا تھا۔ اس تیوہار کا نام نارلی پورن ماشی مشہور ہے۔ راجپوتانہ میں راکھی باندھنے کا بہت رواج ہے یہاں تک کہ اگر مغلوب راجہ کی بہن فاتح کے ہاتھ میں راکھی باندھ دے تو وہ اس کو اپنی بہن ماننے پر مجبور ہو جاتا تھا۔ بندیل کھنڈ کی راکھی ہندوستان بھر میں اچھی ہوتی ہے۔ کہیں کہیں بیویاں بھی اپنے خاوندوں کے ہاتھ میں راکھی باندھتی ہیں۔

نوراتر یا دُرگا پوجا

یوں تو سال میں چالیس نوراتریاں ہوتی ہیں لیکن شاردیہ اور چیتر کے نوراتر (नवरात्र) کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ شاردیہ نوراتر بنگال بہار اور اتر پردیش میں کافی دھوم دھام سے منائی جاتی ہے۔ یہ اشونی شُکل پکچھ کی پہلی سے نویں تاریخ کے درمیان منائی جاتی ہے۔

جو آدمی نو دنوں تک یہ تقریب نہ کر سکے اسے ساتویں سے نویں تاریخ کے بیچ تین دنوں تک کر لینا چاہئے۔ اس پوجا کے دوران درگا کے بارے میں موجود تمام کتابوں کا پاٹھ ہوتا ہے۔ ان کی مورتی بنائی جاتی ہے اور پوجا کی جاتی ہے اس دوران خوبصورت پنڈال بنائے جاتے ہیں۔

مارکنڈے پران کے (देवी महात्म्य) یعنی دیوی کی فضیلت کے باب میں کہا گیا ہے کہ دیوی نے مہشا سر، چنڈ، منڈ، شنبھ اور شمبھو نامی راکشوں کو قتل کیا تھا۔ کالیکا پران، دیوی پران میں بھی درگا اور ان کی پوجا کا تفصیلی بیان ہے۔

درگا پوجا اور دسہرا

چونکہ آندھی طوفان اور وبا کا تھوڑا بہت اثر بعد میں بھی قائم رہتا ہے اس لئے اس کو بالکل زائل کرنے کے واسطے شروع کنوار میں نو دن تک نو درگا کا برت رکھا جاتا ہے اور ہندو اپنی جان بچنے کی خوشی میں فتح کے شادیانے ڈھول وغیرہ بجاتے ہیں اور مرد اور عورتیں حمد وثنا کے راگ گاتے ہیں اور درگا یعنی فتح اور فنا کی دیوی کا ہر روز دھیان کر کے پرماتما سے دعا مانگتے ہیں کہ وہ اسی طرح ہمیشہ ان کی جان بخشی کریں اور وباؤں پر فتح نصیب کریں۔

اسی زمانہ میں فصل خریف تیار ہو جاتی ہے اور اس کا اناج گھروں میں آنے لگتا ہے اور لوگ دولت مند بن کر بےفکر ہو جاتے ہیں۔ یہ ان کی خوشی اور اظہار شکریہ کا دوسرا اصلی باعث ہے۔

چونکہ نو درگا کے زمانہ میں زندگی کی کشمکش کا خاتمہ ہونے لگتا ہے اس لئے نو دن تک برت رکھنے کے علاوہ مکان کی صفائی شروع کی جاتی ہے لیکن میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ ہندو ہر ضروری کام کی ابتدا خیرات سے کرتے ہیں تاکہ حاجتمندوں کو مدد ملے اور ہر ایک کا بھلا ہو اس لئے مذہبی ہدایت یہ ہے کہ اس زمانہ میں چراغ خیرات کرنے چاہئے۔ کیونکہ وبائی امراض کا اثر دور کرنے کے واسطے چراغ جلانا نہایت مفید ہے۔ واضح ہو کہ فصل خریف کا اناج کنوار کاتک اور اگہن میں آہستہ آہستہ آتا رہتا ہے۔

جب بیماریاں جاتی رہیں اور اناج کی دولت گھر میں آ گئی تو غسل صحت اور حصول دولت کا آخری بڑا تیوہار دسہرہ کے نام سے کنوار میں منایا جاتا ہے دسہرہ سنسکرت الفاظ ''دس پاپ ہر'' سے بنا ہے جس کے معنی تمام تکلیف رفع کرنے والا ہیں۔

دس اہم گناہ

ہندوؤں کے عقیدہ کے مطابق دس گناہ زبردست ہیں ان میں تین جسم کے متعلق ہیں یعنی چوری، قتل اور زنا چار زبان کے متعلق ہیں یعنی جھوٹ بولنا، گالی دینا، چغلی کرنا، اور بیہودہ بک بک کرنا اور تین دل کے متعلق ہیں یعنی حسد، نفرت اور جہالت۔

یہ ہندوؤں کا سب سے بڑا خوشی کا تیوہار ہے اور اسی وجہ سے اس زمانہ میں رام لیلا کی جاتی ہے کیونکہ موسم خوشگوار رہے اور سال کا پہلا حصہ ختم ہو جانے پر لوگوں کو ذرا سی فرصت بھی مل جاتی ہے۔ چونکہ سری رام چندر جی مہاراج نے برسات میں سیتا جی کی تلاش ملتوی کر دی تھی اس لئے میرا ذاتی خیال یہ ہے کہ دسہرہ کے روز تلاش کے واسطے مہم روانہ کی گئی۔

بیساکھی

یہ دہرادون علاقہ کا خاص تیوہار تھا، جو فصل کے تیار ہونے پر منایا جاتا تھا۔ اب یہ پنجاب اور دوسرے مقامات پر بھی منایا جاتا ہے۔ پہلے اس دن دیوتا کے تھانوں پر بکرے کی قربانی دی جاتی تھی اور بکرے کا سر مندر میں گاڑ دیا جاتا تھا۔ غرباء اس دن ستو کھاتے ہیں اور آم، گڑ، گھی وغیرہ خیرات کرتے ہیں۔ یہ ویشاکھ میں پڑتا ہے۔

مکر سنکرانتی

اس کی کافی اہمیت ہے۔ سنکرانتی کا مفہوم ہے، سورج کا ایک محور (راشی) سے دوسرے محور میں جانا۔ کل ۱۲ محور ہوتے ہیں) سورج جب مکر راشی میں داخل ہوتا ہے تو یہ تقریب منائی جاتی ہے۔

عموماً ماگھ میں مکر کی شنکرانت ہوتی ہے اس روز آفتاب خط جدی پر پہنچتا ہے اور پھر ہندوستان کی جانب واپس ہوتا ہے۔

چونکہ اس کے چلے جانے سے ہم پر بیسیوں مصیبت نازل ہوگئیں اور جان کے لالے پڑ گئے اس لئے اس کی واپسی خاص فرحت کا باعث ہے۔ چنانچہ یہ تیوہار منا کر ہم ظاہر کرتے ہیں کہ اصلی آرام کا زمانہ شروع ہونے والا ہے۔ لیکن ابھی آفتاب بہت دور ہے اس لئے کوئی خاص خوشی نہیں کی جاتی صرف دعاء اور خیرات ہوتی ہے۔ ممالک متحدہ میں خریف کی پیداوار یعنی چاول اور دال کی کھچڑی تل کے لڈو کے ساتھ خیرات کی جاتی ہے۔ یہ دونوں موسم

سرما میں نہایت مفید اور قوت بخش ہیں اور کھچڑی کو فقیر سے بادشاہ تک سب آدمی حسب حیثیت پکوا کر استعمال کرتے ہیں۔ کھچڑی کے ساتھ ہی اس کا لوازمہ یعنی گھی اور نمک خیرات کیا جاتا ہے چونکہ اس روز آفتاب کا دورہ خط سرطان کی جانب دوبارہ شروع ہوتا ہے اس لئے اس دن بھی مصیبت کے زمانہ سے فراغت حاصل کر کے لوگ گنگا نہاتے ہیں اور فرحت اور اطمینان کے زمانہ کی سری گنیش آئے نمہ یعنی شروع کا کلمہ پڑھتے کرتے ہیں۔

ڈاکٹر پی وی کانے کے مطابق آج سے تقریباً اسی سال قبل ان دنوں کے جنتری کے مطابق یہ بارہویں یا تیرہویں جنوری کو منائی جاتی تھی مگر اب خط استوا کے विषवत रेखा عین چلن کی وجہ سے تیرہویں یا چودہویں جنوری کو منائی جاتی ہے۔

(دھرم شاستر کا اتہاس، جلد ۴، صفحہ ۷۹)

اس دن گنگا میں غسل کرنے والے کو ''برہم لوک'' حاصل ہو جاتا ہے ایسا لوگوں کا خیال ہے۔ متسے (مچھلی پران) اور اسکند پرانوں میں اس کی اہمیت کا بیان آیا ہے۔

ستیہ نارائن ورت کتھا

یہ ورت کبھی بھی رکھا جا سکتا ہے۔ اس ورت میں تیہ نارائن بھگوان یعنی وشنو کی حکایت سنی جاتی ہے۔ جس میں ان کی فضیلت کا بیان واقعات کے ذریعہ سنایا جاتا ہے۔ اس حکایت میں پانچ ابواب ہیں۔ عام طور پر یہ حکایت پروہت سے سنی جاتی ہے اور خیرات دی جاتی ہے۔

گنیش پوجا

بھادو مہینہ کی شکل کی چوتھی تاریخ کو اس کو منایا جاتا ہے۔ گنیش کی پوجا (लम्बोदर) یعنی لمبا پیٹ والا (गजानन) یعنی ہاتھی کا منھ एकदंत ''ایک دانت والے'' گنپتی، سندرودن (शूर्पकर्ण) کھرپے جیسے کان والے اور مشکل کشا (विघ्न विनायक) وغیرہ مختلف ناموں سے ہوتی ہے۔ گنیش صف اول کے دیوتا مانے جاتے ہیں۔ جو کہ وشنو کے اوتار بھی

مانے جاتے ہیں۔ بال گنگا دھر تلک نے اس پوجا کو عوامی شکل دی۔ یہ پوجا خاص طور سے مہاراشٹر میں ہوتی ہے۔

سمپورن ورت

یہ ورت ہر اس ورت کو مکمل کرتا ہے جو غلط طریقہ سے انجام دیئے گئے ہوں یا کسی اور وجہ سے نامکمل رہ گئے ہوں۔ اس ورت کا اہتمام درج ذیل طریقہ سے کیا جاتا ہے۔ جس دیوی یا دیوتا کا ورت نامکمل رہ گیا ہو اس کی سونے یا چاندی کی مورتی بنوانی چاہئے۔ جس دن سے مورتی بنانے والا مورتی بنانا شروع کرے، اس دن سے لگاتار ایک ماہ تک کسی برہمن سے اس مورتی کی دودھ دہی گھی اور رقیق مادہ اور پاک پانی سے غسل کرا کر ''گندھاک چھت'' اور پھولوں وغیرہ سے پوجا کرائی جاتی ہے۔ پروہت اعلان کرتا ہے کہ اے یجمان! یعنی جس نے ورت کیا ہے، تیرا نامکمل ورت مکمل ہو چکا ہے۔ پرانوں کے مطابق برہمنوں کے ذریعہ اعلان شدہ بات کو دیوتا لوگ اپنی رضامندی کے ساتھ قبول کر لیتے ہیں۔

ان مختلف ورت تیوہار اور پربوں کے علاوہ ناگ پنچمی، چھٹ، مہالیہ اونم، گوری ورت، ایکادشی ورت، پرشورام جینتی وغیرہ ورت بھی بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔

❁❁❁

سنسکار یا رسوم

سنسکار کا لغوی معنی ہے پاک کرنا۔ ہندوؤں کے درمیان مذہبی نقطۂ نظر سے جسم کو پاک کرنے اور اس کی گندگیوں کا ازالہ کرنے کے لئے جو رسوم انجام دیئے جاتے ہیں اسے سنسکار کہتے ہیں۔

سنسکار کتنے ہوں؟ اس پر پنڈتوں میں اتفاق نہیں ہے۔ گوتم (ایک پنڈت) نے چالیس سنسکار بتائے ہیں۔ انگرا (अंगिरा) نے پچیس سنسکار گنائے ہیں۔ منو اور ویاس جی نے سولہ سنسکاروں کا ذکر کیا ہے۔ زیادہ تر پنڈتوں نے ان سولہ سنسکاروں کو خاص تسلیم کیا ہے۔ ان کے نام درج ذیل ہیں۔

۱۔ گربھ دھان (गर्भाधान)

اسے (निषेक) بھی کہتے ہیں۔ ماں کے پیٹ میں استقرار حمل کے بعد یہ سنسکار ہوتا ہے تاکہ حمل ساقط نہ ہو۔ اسے اردو میں استقرار حمل کہتے ہیں۔

۲۔ (पुंसवन) پنسون

یہ سنسکار استقرار حمل کے تیسرے ماہ میں ہوتا ہے۔ اسے کرنے سے لڑکا پیدا ہوتا ہے۔

۳۔ (सीमन्तोन्नयन) سیمانتونین

اس سنسکار کا تذکرہ تمام کتابوں میں ہے۔ یہ سنسکار حمل کے چوتھے یا آٹھویں ماہ میں ہوتا ہے۔ اس میں ہون ہوتا ہے اور کھچڑی کھائی جاتی ہے۔

ہندو مذہب کے اہم تیوہار و رسوم اور شادی کا مختصر طریقہ

۴۔ وشنو بلی

یہ آٹھویں ماہ میں ہوتا ہے اس میں چاول کی بلی (बलि) ہوتی ہے۔ اس سے حمل کی تکالیف دور ہوتی ہیں۔ اس سنسکار کی تائید منو نہیں کرتے۔

۵۔ (जातकर्म) جات کرم

پیدائش کے وقت یہ سنسکار رہوتا ہے۔ پوجا کے بعد دائیں کان میں ''واک'' (वाक) لفظ تین بار کہا جاتا ہے پھر دہی، گھی، شہد ملا کر بچے کو چٹاتے ہیں۔ بیٹا ہو تو ہوم होम کرتے ہیں۔

۶۔ (نام کرن) نام رکھنا

یہ نام رکھنے کا سنسکار ہے۔ اس میں ہون ہوتا اور برہمنوں کو کھانا کھلایا جاتا ہے۔ منو جی نام رکھنے کے بعد نش کرمن رکھتے ہیں جس میں زیادہ سے زیادہ چار ماہ کے بچے کو گھر سے باہر گھمانے کے لئے نکالا جاتا ہے۔

۷۔ (अन्नप्राशन) ان پراشن

آٹھ مہینے پر بچے کو کھانا کھلایا جاتا ہے۔ بکرے، تیتر یا مچھلی کا گوشت یا بھات دہی، گھی اور شہد میں ملا کر پلاتے ہیں (शांख्यायन) نے ایسا کہا ہے۔

۸۔ (चौल) چوُل

